# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

## پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2021ء پارٹ II انشاءاللہ مورخہ **12-08-2021** سے شروع ہو رہا ہے۔

اس سلسلہ میں پرائیویٹ امیدواران کو رولنمبر سلپس بمعہ ڈیٹ شیٹ ان کے دیئے گئے پتہ جات پر **مورخہ 03-08-2021** کو ارسال کر دی گئی ہیں تاہم پرائیویٹ امیدواران خود بھی بورڈ کی ویب سائٹ سے رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ ریگولر امیدواران کو سلپس ان کے ادارہ جات خود ڈاؤن لوڈ کر کے دیں گے۔

مورخہ **07-08-2021** تک رولنمبر سلپ نہ ملنے کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کے ضروری کوائف کے ساتھ دفتر سے رابطہ کریں۔

تمام امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحانی مراکز پر موبائل فون لے جانا اور اس کا استعمال قطعی ممنوع ہے کسی امیدوار سے موبائل فون بر آمد ہونے کی صورت میں اس کے خلاف حسب ضابطہ **UMC** اور پولیس کیس رجسٹرڈ کیا جائے گا۔ مزید برآں کسی بھی قسم کے ناجائز ذرائع کے استعمال پر بورڈ قوانین کے مطابق **UMC** اور پولیس کیس رجسٹرڈ کروایا جائے گا۔

تمام امیدواران انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2021ء پارٹ II اس بات کو یاد رکھیں کہ وہ اپنا پرچہ دینے کے لیے امتحانی مراکز پر پرچہ شروع ہونے سے 30 منٹ (آدھ گھنٹہ) پہلے پہنچ کر اپنی مقرر کردہ سیٹ پر بیٹھ جائیں۔ تاکہ تمام کوائف کے اندراجات صحیح طور پر مکمل کر کے پرچہ بروقت شروع کیا جا سکے۔ ریگولر ادارہ جات بورڈ کی ویب سائٹ/انٹرنیٹ کے کسی بھی مسائل کے حل یا راہنمائی کے لیے شعبہ کمپیوٹر کے فون نمبر **040-9200523** پر رابطہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے بورڈ کے ٹیلی فون نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

-sd-

**کنٹرولر امتحانات**

تاریخ 04-08-2021

DCE(I) 1073

**کاپی برائے اطلاع:**

1. PA برائے چیئرمین
2. PA برائے کنٹرولر امتحانات/سیکرٹری/آڈٹ آفیسر
3. ریسرچ اینڈ کوارڈینیشن آفیسر (برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات)
4. سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈ ویب سائیٹ)
5. جملہ آفیسران بورڈ

4/8/21

**ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (انٹر)**

برائے کنٹرولر امتحانات

(040-9200522)